# 11-02-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

ا۔تلنگانہ میں بلدی انتخابات کا اختتام عمل میں آیا، سہ پہر تین بجے تک 62.09 فیصد رائے دہی درج کی گئی۔ چند ایک ناخوشگوار واقعات کی بھی اطلاع ملی ہے۔

۲۔تلنگانہ کی پنچایتوں نے ترقی کے معاملہ میں قومی سطح پر مختلف ایوارڈس حاصل کئے ہیں۔

۳۔آر ٹی سی نے مہا شیوراتری کے موقع پر 2 ہزار 243 خصوصی بسیں چلانے کا اعلان کیا ہے۔

اور

۴۔T20 ورلڈ کپ میں جنوبی آفریقہ نے ڈرامائی دہرے سوپر اوور کے بعد افغانستان کو ہرادیا۔

CHINTAN SHIVAR:

آیوش کے وزیر پرتاپ راؤ جادھو نے قومی میڈکل پلانٹس بورڈ (این ایم پی بی) کے 25 سال پورے ہونے کے موقع پر آج نئی دہلی میں چنتن شیور کا افتتاح کیا۔اس موقع پر انہوں نے کہا کہ یہ بورڈ 25 سال سے طبی پلانٹس کے فروغ اور ترقی کیلئے وقف رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ این ایم پی بی، کی اہمیت قابل تجدید زندگی اور مالی ترقی سے مربوط رہا ہے۔

BYTE Partap Rao

اس دوران وزیر نے ایک بک لیٹ جاری کیا اور سنٹرل انسٹیٹیوٹ آف میڈیسینل اینڈ آرومیٹک پلانٹس کی جانب سے تیار کردہ مختلف طبی پلانٹس بھی جاری کئے۔

ELECTION:

تلنگانہ کے بلدی انتخابات کے تحت تین بجے سہ پہر تک ووٹنگ کا تناسب 62.09 فیصد رہا ہے۔

پولنگ کا عمل بہتر طریقہ سے جاری ہے جبکہ ریاستی الیکشن کے عہدیداروں نے تین بجے تک کا پولنگ فیصد جاری کیا ہے۔مختلف بلدیات کے رائے دہندوں میں جوش وخروش دیکھا گیا جو ووٹ ڈالنے کیلئے پولنگ مراکز پر طویل قطاروں میں نظر آئے۔عہدیداروں نے توثیق کی ہے کہ ووٹنگ پرامن طور پر جاری ہے جبکہ اب تک کوئی بڑا ناخوشگوار واقعہ پیش نہیں آیا۔شفاف اور پرامن انتخابات کو یقینی بنانے کے لئے سیکورٹی کے جامع انتظامات کئے گئے ہیں۔پولنگ کے تناسب کے تعلق سے اگلی اپ ڈیٹ پانچ بجے شام جاری کی جائے گی۔

TENSION:

تلنگانہ بلدی انتخابات میں اس وقت کشیدگی دیکھی گئی جب پولیس نے بی جے پی کے ورکرس پر لاٹھی چارج کیا۔انتخابات کے دوران شدید کشیدگی دیکھی گئی۔خاص طور کریم نگر میں پولیس نے ضلع پریشد آفس کے پاس جمع بی جے پی کارکنوں کو منتشر کرنے کے لئے لاٹھی چارج کیا۔ اطلاعات کے مطابق بی جے پی کے بعض ممبرس زخمی ہوگئے۔اس واقعہ پر بی جے پی کے کارکنوں نے سڑک پر بیٹھ کر احتجاج کیا اور پولیس پر طاقت کے استعمال کا الزام لگایا۔انہوں نے یہ الزام بھی لگایا کہ پولیس نے انہیں اس وقت نشانہ بنایا جب وہ 58ویں ڈویژن میں دھوکہ دہی کے واقعات پر احتجاج کرنے کی کوشش کررہے تھے۔عہدیداروں کے مطابق صورتحال پر قابو پانے کے لئے سیکورٹی اقدامات کئے گئے اور رائے دہی کے عمل کو جاری رکھنے کو یقینی بنایا گیا۔

AWARDS:

تلنگانہ نے قومی سطح پر شاندار کامیابیاں حاصل کی ہیں جیسا کہ مختلف پنچایت راج اداروں نے 2023ء اور 2024ء کے دوران عمدہ کارکردگی پر نیشنل پنچایت ایوارڈس میں کئی اعزازات

حاصل کئے۔ پنچایت راج کی وزارت کے مطابق تلنگانہ نے قابل تجدید ترقی کے نشانوں میں ٹھوس قیادت کی۔ سال 2023ء کے ایوارڈس کیلئے ریاست کو چار اہم زمروں میں سرکردہ رینکس ملے ہیں۔ گوتم پور، نیلوٹلا، کونگٹ پلی اور آئے پور گرام پنچایتوں نے صحت، پانی کی بچت، سماجی تحفظ اور خواتین کے حق میں کئے گئے اقدامات کے تحت پہلا مقام حاصل کیا ہے۔ اس کے علاوہ ملگو ضلع پنچایت کو بھی قومی سطح پر دوسرا رینک ملا ہے۔

RAHUL GANDHI

اپوزیشن لیڈر راہول گاندھی نے آج لوک سبھا میں بجٹ پر ہوئے مباحثہ کے دوران مرکزی حکومت کو سخت تنقید کا نشانہ بنایا اور الزام عائد کیا کہ ہندوستان، حالیہ تجارتی معاہدہ کے ذریعہ امریکی دباؤ میں آ گیا ہے۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ اس معاہدہ سے صرف امریکہ کو ہی فائدہ پہنچے گا۔ راہول گاندھی نے مزید کہا کہ بجٹ میں عالمی مسائل سے نمٹنے میں ناکامی ظاہر ہوئی ہے جبکہ افرادی قوت پر پڑنے والے مصنوعی ذہانت کے اثرات کے چیالنجس سے نمٹنے کی بات بھی نہیں کی گئی ہے۔ راہول گاندھی کے مطابق مالی سال کے منصوبہ سے ملک کو درپیش مشکلات سے نمٹنے کا کوئی حل نظر نہیں آتا۔

TGSRTC

15 فروری کو مہا شیوراتری کے موقع پر تلنگانہ اسٹیٹ روڈ ٹرانسپورٹ کارپوریشن نے مختلف مندروں کو جانے والے افراد کی سہولت کیلئے خصوصی بس خدمات کا اعلان کیا ہے۔ کارپوریشن کی جانب سے ریاست بھر کی 43 بڑی مندروں کیلئے 2 ہزار 243 خصوصی بسیں 14 سے 16 فروری کے دوران چلائی جائیں گی۔ ان میں 781 بسیں سری سیلم کیلئے، 416 بسیں ویملواڑہ کیلئے،

326 بسیں کیسر گٹہ کیلئے اور 249 بسیں ایدو پائیلا کیلئے چلائی جائیں گی۔اس کے علاوہ حیدرآباد کے اہم مقامات بشمول ایم جی بی ایس اور جے بی ایس سے بھی خصوصی بسیں چلائی جائیں گی۔آر ٹی سی کے منیجنگ ڈائرکٹر ناگی ریڈی نے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ عمدہ انتظامات کئے جائیں۔

MUSI RIVER PROJECT:

تلنگانہ حکومت نے موسیٰ ندی کو خوبصورت بنانے کے باوقار پروجیکٹ کیلئے سرکاری طور پر زمینات حاصل کرنے کا عمل شروع کیا ہے۔موسیٰ ندی ڈیولپمنٹ کارپوریشن نے اِس سلسلہ میں رسمی طور پر اعلامیہ جاری کیا ہے۔ضلع رنگاریڈی کے منڈلوں گولکنڈہ اور گنڈی پیٹ میں پچاس سے زیادہ ایکر زمین حاصل کرنے کا عمل شروع کیا گیا ہے۔عہدیداروں کی جانب سے اس سلسلہ میں زد میں آنے والے مواضعات اور سروے نمبرات کی لسٹ جاری کی ہے۔ موجودہ بازاری قیمت کے مطابق قیمت ادا کی جائے گی۔ یہ باوقار پروجیکٹ حیدرآباد، رنگاریڈی اور میڑچل۔ملکاجگری اضلاع تک پھیلا ہوا ہے جبکہ یہ پروجیکٹ 14 منڈلوں اور 46 مواضعات میں 55 کلومیٹر پر پھیلا ہوا ہے۔

SINGARENI - PENSION:

کوئلہ کی مرکزی وزارت نے سنگارینی کالریز کمپنی لمیٹڈ کے ریٹائرڈ ورکرس کے پنشن میں اضافہ کیلئے ایک کمیٹی مقرر کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ یہ پیشرفت اس وقت ہوئی جب پداپلی کے ایم پی وامشی کرشنا نے 6 جنوری کو ایک خط روانہ کرتے ہوئے درخواست دی تھی۔ جواب میں کوئلہ کی وزارت کے انڈر سکریٹری روپیندر برار نے ایم پی کو بتایا کہ اس سلسلہ میں گزشتہ سال 22 دسمبر کو منعقدہ میٹنگ میں کمیٹی مقرر کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔وامشی کرشنا نے کہا تھا کہ پنشن کی رقم میں دس ہزار روپے کا اضافہ کیا جائے۔

CRICKET:

T20 ورلڈکپ میں ساؤتھ آفریقہ نے افغانستان کے خلاف سنسنی خیز میاچ کے بعد جو دوسوپر اوورتک چلا، کامیابی حاصل کی۔ دونوں ٹیموں نے مقررہ 20 اوورس میں 187 رن بنائے۔ میاچ ٹائی ہونے کے بعد پہلا سوپراوور بھی ٹائی ہوگیا۔ دوسرے سوپراوور میں ڈیوڈ ملر اور ٹرسٹن اسٹبس نے کوئی وکٹ کھوئے بغیر 23 رن بنائے۔ رحمٰن اللہ گرباز کی جانب سے مسلسل تین چھکے لگائے جانے کے باوجود افغانستان کی ٹیم دو وکٹ پر 19 رن ہی بناسکی۔ آج دن کے آخری میاچ میں شام سات بجے سے ممبئی کے وانکھیڑے اسٹیڈیم میں انگلینڈ اور ویسٹ انڈیز کے درمیان گروپ سی کا مقابلہ ہوگا۔

PM - ASSAM:

وزیراعظم نریندر مودی آسام کا دورہ کرتے ہوئے مختلف پروجکٹس کا افتتاح کریں گے۔ وہ دورہ آسام کے دوران تاریخ بنائیں گے جب ضلع دیبروگڑھ میں نارتھ ایسٹ کی سب سے پہلی ہائی وے سے متعلق ایمرجنسی لینڈنگ اسٹرپ چھابوا پر اتریں گے۔ وزیراعظم چھابوا ایرفورس بیس پہنچنے کے بعد مورن کیلئے روانہ ہوجائیں گے۔ نریندر مودی، برہماپوترا پر نئے تعمیر کئے گئے کمار بھاسکرورمن برج کا بھی افتتاح کریں گے۔ یہ برج گوہاٹی اور نارتھ گوہاٹی سے مربوط ہے۔ اس کے علاوہ پی ایم، امین گاؤں میں ہائپراسکل ڈاٹا سنٹر کا بھی افتتاح کریں گے۔

ELECTIONS CONCLUDE

تلنگانہ میں 116 بلدیات اور سات کارپوریشنوں کیلئے پولنگ کا عمل سرکاری طور پر آج شام پانچ بجے ختم ہوا۔ رائے دہی کا آغاز صبح سات بجے سے پرامن طور پر ہوا۔ عہدیداروں نے وقت ختم

ہونے کے بعد مرکز میں موجود رائے دہندوں کو ووٹ ڈالنے کی اجازت دی۔ دن کے آخری حصہ میں کشیدگی کے چند ایک واقعات پیش آئے۔ مختلف مقامات پر سخت سیکورٹی بندوبست کے باوجود بعض علاقوں میں بڑی سیاسی پارٹیوں کے کارکنوں کے درمیان جھڑپیں ہوئیں۔ عہدیداروں کو مداخلت کرتے ہوئے صورتحال پر قابو پانا پڑا۔اس دوران کئی پارٹی لیڈرس کی پولیس سے بھی مڈبھیڑ ہوئی۔ تمام الکٹرانک ووٹنگ مشینوں کو محفوظ کرلیا گیا ہے جبکہ ووٹوں کی گنتی 13 فروری کو ہوگی۔

○○